احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

روزنامہ

الفضل

C.P.L 29 ٹیلی فون نمبر 213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعہ 24 ستمبر 2004ء 8 شعبان 1425 ہجری - 24 تبوک 1383 ہش جلد 54-89 نمبر 216

جنت دوزخ کہاں ہیں

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا اگر جنت کی چوڑائی زمین و آسمان کے برابر ہے تو پھر دوزخ کہاں ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ تو نے دیکھا نہیں کہ جب رات آتی ہے تو دن کہاں چلا جاتا ہے۔ اس نے کہا کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

(مستدرک حاکم کتاب الایمان جلد 1 ص 92 حدیث نمبر: 103)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بہشتی مقبرہ کے متعلق حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

اور چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ (۔) ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔ اس لئے خدا نے میرا دل اپنی وحی خفی سے اس طرف مائل کیا کہ ایسے قبرستان کے لئے ایسے شرائط لگا دیئے جائیں کہ وہی لوگ اس میں داخل ہو سکیں جو اپنے صدق اور کامل راستبازی کی وجہ سے ان شرائط کے پابند ہوں۔ سو وہ تین شرطیں ہیں اور سب کو بجالانا ہوگا۔

1۔ اس قبرستان کی زمین موجودہ بطور چندہ کے میں نے اپنی طرف سے دی ہے لیکن اس احاطہ کی تکمیل کے لئے کسی قدر اور زمین خریدی جائے گی جس کی قیمت اندازاً ہزار روپیہ ہوگی۔ اور اس کے خوشنما کرنے کے لئے کچھ درخت لگائے جائیں گے اور ایک کنواں لگایا جائے گا اور اس قبرستان سے شمالی طرف بہت پانی ٹھہرا رہتا ہے۔ جو گزرگاہ ہے اس لئے وہاں ایک پل تیار کیا جائے گا اور ان متفرق مصارف کے لئے دو ہزار روپیہ درکار ہوگا۔ سو کل یہ تین ہزار روپیہ ہوا جو اس تمام کام کی تکمیل کے لئے خرچ ہوگا۔ سو پہلی شرط یہ ہے کہ ہر ایک شخص جو اس قبرستان میں مدفون ہونا چاہتا ہے وہ اپنی حیثیت کے لحاظ سے ان مصارف کے لئے چندہ داخل کرے اور یہ چندہ محض انہی لوگوں سے طلب کیا گیا ہے نہ دوسروں سے۔ بالفعل یہ چندہ اخویم مکرم مولوی نورالدین صاحب کے پاس آنا چاہئے۔ لیکن اگر خدا تعالیٰ نے چاہا تو یہ سلسلہ ہم سب کی موت کے بعد بھی جاری رہے گا۔ اس صورت میں ایک انجمن چاہئے کہ ایسی آمدنی کا روپیہ جو وقتاً فوقتاً جمع ہوتا رہے گا اعلائے کلمہ (۔) اور اشاعت توحید میں جس طرح مناسب سمجھیں خرچ کریں۔

2۔ دوسری شرط یہ ہے کہ تمام جماعت میں سے اس قبرستان میں وہی مدفون ہوگا جو یہ وصیت کرے جو اس کی موت کے بعد دسواں حصہ اس کے تمام ترکہ کا حسب ہدایت اس سلسلہ کے اشاعت (۔) احکام قرآن میں خرچ ہوگا اور ہر ایک صادق کامل الایمان کو اختیار ہوگا کہ اپنی وصیت میں اس سے بھی زیادہ لکھ دے لیکن اس سے کم نہیں ہوگا۔ اور یہ مالی آمدنی ایک بادیانت اور اہل علم انجمن کے سپرد رہے گی۔ اور وہ باہمی مشورہ سے ترقی (۔) اور اشاعت علم قرآن و کتب دینیہ اور اس سلسلہ کے واعظوں کے لئے حسب ہدایت مذکورہ بالا خرچ کریں گے۔ اور خدا تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اس سلسلہ کو ترقی دے گا۔ اس لئے امید کی جاتی ہے کہ اشاعت (۔) کے لئے ایسے مال بھی بہت اکٹھے ہو جائیں گے۔ اور ہر ایک امر جو مصالح اشاعت (۔) میں داخل ہے جس کی اب تفصیل کرنا قبل از وقت ہے وہ تمام امور ان اموال سے انجام پذیر ہوں گے۔ اور جب ایک گروہ جو متکفل اس کام کا ہے فوت ہو جائے گا تو وہ لوگ جو ان کے جانشین ہوں گے ان کا بھی یہی فرض ہوگا کہ ان تمام خدمات کو حسب ہدایت سلسلہ احمدیہ بجالاویں۔ ان اموال میں سے ان یتیموں اور مسکینوں (۔) کا بھی حق ہوگا جو کافی طور پر وجوہ معاش نہیں رکھتے اور سلسلہ احمدیہ میں داخل ہیں۔ اور جائز ہوگا کہ ان اموال کو بطور تجارت ترقی دی جائے۔

یہ مت خیال کرو کہ یہ صرف دوراز قیاس باتیں ہیں۔ بلکہ یہ اس قادر کا ارادہ ہے جو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے۔ مجھے اس بات کا غم نہیں کہ یہ اموال جمع کیونکر ہوں گے۔ اور ایسی جماعت کیونکر پیدا ہوگی جو ایمانداری کے جوش سے یہ مردانہ کام دکھلائے۔ بلکہ مجھے یہ فکر ہے کہ ہمارے زمانہ کے بعد وہ لوگ جن کے سپرد ایسے مال کئے جائیں وہ کثرت مال کو دیکھ کر ٹھوکر نہ کھاویں اور دنیا سے پیار نہ کریں۔ سو میں دعا کرتا ہوں کہ ایسے امین ہمیشہ اس سلسلہ کو ہاتھ آتے رہیں جو خدا کے لئے کام کریں۔ ہاں جائز ہوگا کہ جن کا کچھ گزارہ نہ ہو ان کو بطور مدد خرچ اس میں سے دیا جائے۔

3۔ تیسری شرط یہ ہے کہ اس قبرستان میں دفن ہونے والا متقی ہو اور محرمات سے پرہیز کرتا اور کوئی شرک اور بدعت کا کام نہ کرتا ہو۔ سچا اور صاف (۔) ہو۔

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 318)

عشرہ وصولی چندہ تحریک جدید

جیسا کہ امراء اضلاع، صدران جماعت اور سیکرٹری صاحبان تحریک جدید کو تحریری اطلاع دی جاچکی ہے کہ مورخہ 30 ستمبر تا 9۔ اکتوبر 2004ء عشرہ وصولی چندہ تحریک جدید منایا جا رہا ہے۔ مندرجہ بالا عہدیداران سے درخواست ہے کہ دوران عشرہ زیادہ سے زیادہ وصولی کر کے مرکز بھجوانے کا اہتمام فرمائیں۔ نیز احباب جماعت سے بھی درخواست ہے کہ وصولی کے سلسلے میں عہدیداران سے تعاون فرمائیں۔

(ایڈیشنل وکیل المال اول تحریک جدید)

ماہر نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر فرید اسلم منہاس صاحب ماہر نفسیات مورخہ 30۔ اکتوبر 2004ء بروز اتوار ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ضرورت منداحباب پرچی روم سے رابطہ کر کے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے ہسپتال رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ضرورت سائنس ٹیچرز

ایسے مخلصین جو ایم ایس سی (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی) ہوں اور تدریس سے دلچسپی رکھتے ہوں (مجلس نصرت جہاں) سے درج ذیل پتہ پر رابطہ کریں۔ سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بیت الاظہار۔ بالائی منزل احاطہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 04524-212967

کامیابی

☆ مکرم عبدالستار چوہدری صاحب بیت الذکر احمدیہ ایف بلاک کالج روڈ اوکاڑہ لکھتے ہیں خاکسار کے دوست مکرم چوہدری فاروق احمد صاحب کے صاحبزادے مکرم محمد ذیشان صاحب نے ایف ایس سی کے امتحان سال 2004 میں لاہور بورڈ میں 911/1100 نمبر لے کر میڈیکل گروپ طلباء میں پانچویں پوزیشن اور ضلع اوکاڑہ میں فرسٹ پوزیشن حاصل کی ہے۔ محمد ذیشان صاحب ڈاکٹر عنایت علی صاحب (مرحوم) کے پوتے مکرم ڈاکٹر ثناء اللہ صاحب مرحوم کے نواسے اور مکرم کرنل (ر) ظفر علی صاحب امیر ضلع اوکاڑہ کے بھتیجے ہیں ان کی مزید نمایاں کامیابیوں کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

بارگاہ مصطفیٰ ﷺ

سیدِ خیرالبشرؐ کی شفقتیں سب کے لئے
رحمۃ للعالمیں کی رحمتیں سب کے لئے

یعنی وقتِ فجر و ظہر و عصر و مغرب اور عشا
سجدہ سجدہ لذتیں ہی لذتیں سب کے لئے

کس قدر ہے روح پرور شہر طیبہ کا سفر
ہر قدم پر منتظر ہیں جنتیں سب کے لئے

شاخ شاخ آرزو ہے آپؐ ہی سے بارور
تھیں مقدر میں وگرنہ حسرتیں سب کے لئے

ہاں! چلے آؤ دمادم کارواں در کارواں
بارگاہ مصطفیٰؐ کی وسعتیں سب کے لئے

شہر علم و فضل کے فیضانِ عالی جاہ نے
عام کی ہیں قریہ قریہ عظمتیں سب کے لئے

علم و حلم و صدق و لطف و حسن و احسان و کرم
آپؐ کے اوصاف کی سب کثرتیں سب کے لئے

دامنِ اقبالؔ منداں ہی نہیں وقفِ کرم
آپؐ کے خوانِ کرم کی نعمتیں سب کے لئے

اقبالؔ صلاح الدین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

✪ محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم مولوی گل محمد صاحب (ر) معلم وقف جدید دارالیسن وسطی سلام بنت مکرم ماسٹر عطاء اللہ خان صاحب (مرحوم) کاٹھ گڑھی چک نمبر 2/T.D.A ضلع خوشاب بعمر 56 سال مورخہ 19 ستمبر 2004ء کو ہارٹ فیل ہوجانے کی وجہ سے وفات پاگئیں۔ آپ کی نماز جنازہ مکرم مولانا بشیر احمد قمر صاحب ناظر تعلیم القرآن ووقف عارضی نے پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد مکرم منصور احمد مبشر صاحب مربی سلسلہ نے دعا کروائی۔ آپ نے پسماندگان میں والدہ اور بہن بھائیوں کے علاوہ تین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم میسر علی صاحب بابت ترکہ مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب)

✪ مکرم میسر علی صاحب ساکن 108ر۔ب چوہدری والا ضلع فیصل آباد نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم چوہدری محمد شفیع صاحب بقضائے الٰہی وفات پاگئے ہیں۔ قطعہ نمبر 4/5 باب الابواب برقبہ 10 مرلہ 90 مربع فٹ میں سے نصف ان کے نام بطور مقاطعہ غیر منتقل کردہ ہے۔ یہ رقبہ میرے نام منتقل کردیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

(1) محترمہ اختر بیگم صاحبہ (بیوہ)
(2) محترمہ نصرت بیگم صاحبہ (بیٹی)
(3) محترم مبشر احمد انجم صاحب (بیٹا)
(4) محترم مظفر احمد شاکر صاحب (بیٹا)
(5) محترم میسر علی صاحب (بیٹا)
(6) محترمہ مسرت داؤد صاحبہ (بیٹی)
(7) محترمہ فرحت اقبال صاحبہ (بیٹی)
(8) محترمہ نسیم اختر صاحبہ (بیٹی)
(9) محترمہ سکینہ بیگم صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

نکاح

✪ مکرم مرزا محمد یوسف صاحب لکھتے ہیں میرے بیٹے مکرم مرزا ندیم احمد صاحب قائد مجلس خدام الاحمدیہ چونڈہ جو کہ حکیم عبدالعزیز صاحب (مرحوم) چک چٹھہ کے نواسے ہیں کا نکاح مکرمہ شائستہ مجید صاحبہ بنت مکرم قاضی مجید صاحب جو کہ مکرم قاضی محمد نذیر صاحب لائل پوری کی نسل میں سے ہیں گلشن راوی لاہور شیزان فیکٹری میں مورخہ 20 اگست 2004ء جمعۃ المبارک کو 60 ہزار روپے حق مہر پر پڑھا گیا۔ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ جانبین کیلئے ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔

سانحہ ارتحال

✪ مکرم حافظ مبارک احمد صاحب معلم اصلاح وارشاد مرکزیہ لکھتے ہیں۔ میری والدہ مکرمہ مہتاب بی بی صاحبہ زوجہ اللہ دتہ صاحب مرحوم چک نمبر 116 جنوبی سرگودھا مورخہ 6 ستمبر 2004ء کو بعمر 104 سال بقضائے الٰہی وفات پاگئی ہیں۔ ان کی نماز جنازہ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی ربوہ نے احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ میں پڑھائی اور ربوہ میں تدفین ہوئی احباب جماعت دعا کریں خدا تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

درخواست دعا

✪ مکرم فقیر محمد صاحب سیکرٹری مال گرمولہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ لکھتے ہیں۔ خاکسار کی بیٹی مکرمہ امۃ المتین صاحبہ اہلیہ مکرم محمود احمد صاحب کا جرمنی میں دل کا بائی پاس آپریشن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے کامیاب ہوگیا ہے۔ بائی پاس آپریشن سے قبل ایک اور پیچیدگی پیدا ہوگئی تھی۔ جرمنی کے ہسپتال کے ایمرجنسی سینٹر میں داخل ہیں۔ احباب کرام سے دردِ دل سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے خاص فضل سے جملہ تکلیفات سے اور پیچیدگیوں سے بچالے۔

گمشدہ موبائل فون

✪ ایک دوست کا کیمرے والا موبائل فون راستے میں کہیں گر گیا ہے۔ جن صاحب کو ملے دفتر صدر عمومی میں جمع کروادیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

خلافت خامسہ کے دوسرے جلسہ سالانہ برطانیہ میں شرکت اور تاثرات

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

خلافت خامسہ میں برطانیہ کا دوسرا جلسہ سالانہ اسلام آباد ٹلفورڈ میں 31,30 جولائی اور یکم اگست 2004ء بروز جمعہ ہفتہ اور اتوار منعقد ہوا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا محض فضل ہے کہ اس نے مجھے بھی اس جلسہ میں شمولیت کی توفیق بخشی اور حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے شرف ملاقات کا موقع عطا فرمایا۔

کس طرح تیرا کروں اے ذوالمنن شکر و سپاس
وہ زباں لاؤں کہاں سے جس سے ہو یہ کاروبار

سال بھر جو دعائیں کیں اور جن مقاصد کے لئے دعا کرنے کے لئے حضور انور کو لکھا ان میں سے ایک مقصد جلسہ سالانہ برطانیہ میں شمولیت تھا کیونکہ 1984ء کے بعد سے جلسہ سالانہ برطانیہ خلیفۂ وقت کی موجودگی کی وجہ سے ایک رنگ میں مرکزی حیثیت حاصل کر گیا ہے۔ حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الرابع نے ان جلسوں کو برطانیہ میں 1985ء سے 2002ء تک رونق بخشی (2001ء میں جلسہ برطانیہ بوجوہ نہ ہو سکا تاہم اس کی جگہ جرمنی میں منعقد ہوا) اور اب 2003ء سے حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اس جلسہ کو رونق بخش رہے ہیں۔ یہ حضرت اقدس کی دعاؤں کا ہی اعجاز ہے کہ مجھے Leave بھی اپنے Ex-Pakistan Employer کی طرف سے مل گئی اور بروقت بکنگ کا بھی انتظام ہو گیا اور مرکزی انتظام سے اجازت بھی مل گئی۔

"ہر یک صاحب جو اس للّٰہی جلسہ کے لئے سفر اختیار کریں خدا تعالیٰ ان کے ساتھ ہو"۔

(مجموعہ اشتہارات جلد اول)

اس دعا کا فیض ہے۔

لاہور سے لندن کا سفر

26 جولائی 2004ء علی الصبح لاہور سے روانگی ہوئی۔ میری چھوٹی بچی بھی ہمراہ تھی۔ چھٹی کا سرکاری خط ہونے کی وجہ سے کسٹم والوں نے صندوق نہیں کھلوایا۔ یہ بھی اللہ کا فضل ہے۔ کئی احمدی فیملیز ہمارے ہم سفر نظر آئیں۔ جہاز پر سوار ہوئے تو TV سکرین پر کبھی جہاز دکھاتے اور کبھی قطر کی ثقافت کے طور پر اونٹ اور گھوڑے۔ میرا ذہن اس وقت حضرت مسیح موعود کی اس تحریر کی طرف گیا جس میں آپ فرماتے ہیں:۔

"قرآن شریف میں آخری زمانہ کے بعض جدید حالات کی نسبت ایسی خبریں دی گئی ہیں جو ہمارے اس زمانے میں بہت صفائی سے پوری ہو گئی ہیں جیسا کہ اس میں ایک یہ پیشگوئی ہے کہ آخری زمانہ میں اونٹ بیکار ہو جائیں گے۔ یہ اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ ان دنوں میں ایک نئی سواری پیدا ہو جائے گی......"

(چشمہ معرفت، روحانی خزائن جلد 23 ص 321)

مسلمان ملکوں کی ہوائی کمپنیوں کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ جہاز کا عملہ خواہ کوئی بھی ہو روانگی کے وقت قرآن کریم کی مسنون دعا ضرور پڑھتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ پاک ہے وہ ذات جس نے سواری کو ہمارے لئے مسخر کیا ہم تو اس لائق نہیں تھے کہ اس سواری کو اپنے تابع کر سکیں اور یقیناً ہم اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ تقریباً ساڑھے تین گھنٹے لاہور سے دوحہ (قطر) تک لگے جہاں چند گھنٹے کا قیام تھا اور پھر جہاز بدل کر دوحہ (قطر) سے لندن (برطانیہ) تقریباً سات گھنٹے لگے۔ سفر کی دعاؤں کا بھی ایک اپنا لطف ہے جو کبھی کبھی نصیب ہوتا ہے اور ایسے سفروں میں تو خود حضور انور اور جماعت بکثرت دعائیں کر رہی ہوتی ہے۔ الحمد للہ ہم بخیریت لندن وقت کے مطابق ساڑھے پانچ بجے سہ پہر ہیتھرو ایئر پورٹ پر پہنچ گئے۔ باہر U.K. کے خدام استقبال کرنے کے لئے کھڑے ہوئے تھے اور حضرت اقدس مسیح موعود کے مہمانوں کو اکٹھا کر رہے تھے (اللہ تعالیٰ ان سب ڈیوٹی دینے والے خدام کو جزائے خیر دے۔ آمین) لیکن میرے کچھ عزیز ایئر پورٹ پر آئے ہوئے تھے جن کے ساتھ میں پرائیویٹ رہائش گاہ پر پہنچا۔ جلد ہی پرائیویٹ سیکرٹری کے دفتر میں فون کیا کہ ملاقات کا پتہ کروں۔ انہوں نے بتایا کہ کل 11 بجے پتہ کریں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس سے ملاقات

حضور انور کی ملاقات کے لئے میں نے پاکستان سے ہی لکھا ہوا تھا اور یہ اللہ تعالیٰ کا بے انتہا شکر ہے کہ اگلے ہی روز یعنی 27 جولائی 2004ء (بروز منگل) میری اور میری چھوٹی واقفۂ نو بچی کی حضور سے ملاقات ہو گئی۔ حضور نے شرف مصافحہ و معانقہ بخشا اور بچی کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ بہت سے لوگوں نے حضور کو سلام پہنچانے اور دعا کی درخواست کرنے کا کہا ہوا تھا۔ نام بنام تو ممکن نہ تھا تاہم میں نے اپنے گھر والوں اور سب دوستوں کی طرف سے حضور کو سلام پہنچایا اور دعاؤں کی درخواست کی۔ حضور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا کہ آپ تو ہر سال آ جاتے ہیں۔ پاکستان کے حالات کے بارے میں پوچھا۔ پھر بعض نجی گھریلو معاملات کے لئے دعا کی درخواست کی۔ حضور نے یقین سے فرمایا کہ ہو جائے گا۔ (خدا کرے کہ ایسا ہی ہو اور جلد ہو) بچی کا پوچھا کہ پہلی بار آئی ہے؟ عرض کیا تیسری بار۔ حضور نے ملاقات کے دوران فرمایا کہ آپ کے بھائی بھی آئے ہوئے ہیں۔ عرض کیا جی ہاں۔ پھر گروپ فوٹو کی درخواست کی جو قبول فرمائی گئی اور تحفہ میز پر چھوڑ کر اور دوبارہ مصافحہ کر کے رخصت ہوا۔ اس کے بعد میری ایک اور بیٹی جو پہلے سے لندن آئی ہوئی تھی اپنی چھوٹی بہن کو لے کر حضرت آپا امۃ السبوح بیگم حرم حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ملاقات کے لئے اوپر گئی اور اس طرح ہمیں اس روز دوہری خوشی نصیب ہوئی۔ مغرب اور عشا کی نمازیں امام الزماں کی اقتداء میں ادا کیں اور اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے ہوئے واپس رہائش گاہ پر پہنچے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ 8 جولائی کو میری منجھلی بیٹی اور بڑا بیٹا اور بہو حضور سے شرف ملاقات حاصل کر چکے تھے اس طرح ہمارے لئے ماہ جولائی بہت ہی بابرکت اور مبارک ثابت ہوا۔ الحمد للہ

جو کیفیت اس ملاقات کے دوران دیکھی اس کی عکاسی یہ الہام ہی کر سکتا ہے جیسا کہ فرمایا:۔

"عشق الٰہی وسے منہ پر ولیاں ایہہ نشانی"

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے مزار پر دعا

جمعرات 29 جولائی کو ہم اسلام آباد (ٹلفورڈ) گئے جہاں جلسہ کی تیاریاں زوروں پر تھیں۔ پہلے تو حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع اور حضور کی حرم حضرت سیدہ آصفہ بیگم صاحبہ کے مزاروں پر حاضری دی اور دعا کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی یادیں ذہن میں فلم کی طرح آتی چلی گئیں اور دعاؤں میں ڈھلتی گئیں۔ یوں تو بہشتی مقبرہ ربوہ میں بھی حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور بیگم صاحبہ کے کتبے لگے ہوئے ہیں اور وہاں بھی کئی بار دعاؤں کا موقع ملا لیکن اصل مزاروں پر تو کیفیت ہی کچھ اور ہوتی ہے۔

اے خدا برتربت او ابر رحمت ہا ببار
داخلش کن از کمال فضل بیت النعیم

جلسہ کے تین ایام اور برکات

جلسہ کے تین ایام 30 جولائی تا یکم اگست 2004ء میں نے اسلام آباد میں گزارے اور مکرم منیر احمد فرخ اور مکرم ایوب احمد ظہیر صاحب اور مبشر احمد گوندل صاحب کے گروپ کے ساتھ کام کا موقع ملا۔ میری ڈیوٹی بطور نائب ناظم سمعی بصری (ٹیکنیکل) سٹیج پر مقرر ہوئی اور اس کا یہ فائدہ ہوا کہ حضور کو قریب سے دیکھنے اور سننے کا موقع ملتا رہا نیز پہلی یا دوسری صف میں حضور کی اقتداء میں نمازیں پڑھنے کی سعادت نصیب ہوتی رہی۔ اس ضمن میں محترم منیر احمد فرخ صاحب نائب افسر جلسہ گاہ (ٹیکنیکل) خصوصی شکریے کے مستحق ہیں۔ اللہ انہیں جزائے خیر دے۔ آمین۔

یوں تو ساری ہی تقاریر ایمان افروز اور ازدیاد ایمان اور ازدیاد علم و معرفت کا باعث ہوتی ہیں لیکن خلیفہ وقت کے خطابات کی بات ہی اور ہوتی ہے۔ خدا تعالیٰ کا یہی منشا ہے کہ جو روح پرور باتیں خلیفہ وقت کی مبارک زبان سے نکلیں اسے تائید الٰہی حاصل ہو اور اللہ تعالیٰ انہیں دنیا میں پھیلائے۔ جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی ایک غیر مطبوعہ تحریر سے ظاہر ہوتا ہے۔ فرمایا: اس آیت (یعنی آیت استخلاف) میں خلفائے راشدین کی بھی علامات بتائی گئی ہیں جن سے سچے اور جھوٹے میں فرق کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ ہیں...... چہارم یہ کہ اللہ تعالیٰ سچے خلفاء کے دینی احکام اور مذہبی استدلالوں کو دنیا میں پھیلائے گا اور قائم کرے گا یعنی اللہ ان کو کسی ایسی غلطی پر قائم نہیں رہنے دیتا جو جماعت کے لئے تباہی کا موجب ہو۔ صوفیاء کی اصطلاح میں اسے عصمت صغریٰ کہتے ہیں۔ (غیر مطبوعہ قلمی نوٹس) یہ قلمی نوٹس حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے بڑے صاحبزادے مکرم مرزا انس احمد صاحب کے پاس محفوظ ہیں۔

حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ایمان افروز خطابات (جو حضور نے جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر ارشاد فرمائے) کا خلاصہ الفضل میں چھپ چکا ہے۔ باتیں تو ساری حضرت اقدس مسیح موعود کی ہیں لیکن خلیفہ وقت ہی انہیں موقع کے مطابق صحیح طرح بیان کر سکتے ہیں اور کسی دوسرے کے لئے اس انداز سے بیان کرنا ممکن ہی نہیں کیونکہ وہی حضرت اقدس کے جانشین ہیں۔

عالمگیر بیعت میں شمولیت

جلسہ سالانہ برطانیہ کا ایک اہم ترین حصہ عالمگیر بیعت ہے جو یکم اگست کو ہوئی۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا "ایک عارضی فائدہ ان جلسوں کا یہ بھی ہو گا کہ ہر یک نئے سال جس قدر بھائی اس جماعت میں داخل ہوں گے وہ تاریخ مقررہ پر حاضر ہو کر اپنے پہلے بھائیوں کے منہ دیکھ لیں گے اور روشناسی ہو کر آپس میں رشتہ تودد و تعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا۔

(آسمانی فیصلہ روحانی خزائن جلد 4)

دنیا بھر کے لاکھوں نو مبائعین کا ایک جگہ اکٹھا ہونا تو اب ممکن نہیں ہے تاہم عالمی بیعت میں نئے داخل ہونے والوں کی تعداد اور ملکوں کے نام ضرور سامنے

آجاتے ہیں اور ان کی نمائندگی میں ساری جماعت تجدید بیعت کرتی ہے۔

امت واحدہ کا پیش خیمہ

اب خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ عالمگیر 178 ملکوں میں پھیل چکی ہے اور اس جلسہ پر 75 ملکوں کے 25 ہزار نمائندوں نے شرکت کی توفیق پائی۔ ہر ملک کا جھنڈا بطور نشان آویزاں تھا جو ساری دنیا کو امت واحدہ بنانے کی طرف قدم ہے۔ مختلف زبانیں بولنے والے اور مختلف قسم کے لباس پہننے والے احباب کا نظم وضبط سے اکٹھے ہونا اور نظام کی کامل اطاعت کرنا یقیناً حضرت مسیح موعود کی عظیم قوت قدسیہ کا عالمگیر نشان ہے۔ سہولت کے لئے بارہ زبانوں کے رواں تراجم کا اہتمام کیا گیا تھا۔ سٹیج کے دائیں طرف انگریزی ترجمہ سننے والے اور بائیں طرف عربی، رشین، انڈونیشین، جرمنی، فرنچ، بنگلہ، سپینش، بوسنین، ترکی وغیرہ کے تراجم سننے والے ترتیب سے کرسیوں پر بیٹھے ہوئے تھے جن کو چھوٹے چھوٹے ریڈیو سیٹ سمعی وبصری (ٹیکنیکل) ٹیم کے رضا کار پیش کر رہے تھے۔ عام پبلک جو ہزاروں میں تھی براہ راست اردو یا انگریزی میں تقاریر سن رہے تھے۔ تراجم کی سہولت سے فائدہ اٹھانے والے ڈیڑھ ہزار کے قریب لوگ تھے اور یہ انتظام دونوں جلسہ گاہوں یعنی مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہوں میں موجود تھا۔ اتنا ڈسپلن کبھی کسی اور مجمع میں نظر نہیں آتا۔ سٹیج پر بھی بعض معززین جو انگریزی، فرانسیسی یا جرمنی میں رواں ترجمہ سننا چاہتے تھے ان کو بھی سہولت مہیا کر دی جاتی تھی۔ اتنا شاندار انتظام اللہ تعالیٰ کی تائید ونصرت کے بغیر ممکن نہیں۔

رشتہ تودّد وتعارف

جلسہ گاہ میں معین وقت تک پروگرام سنے جاتے تھے اور باہر جس انداز اور جس محبت سے احباب کرام آپس میں ملتے اور تعارف بڑھاتے اس میں اخلاص نمایاں طور پر نظر آرہا ہوتا تھا۔ حضرت مسیح موعود نے جلسہ کی ایک یہ غرض بھی بیان فرمائی تھی کہ ’’آپس میں رشتہ تودد وتعارف ترقی پذیر ہوتا رہے گا‘‘ نیز ’’ان کی خشکی اور اجنبیت اور نفاق کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بدرگاہ حضرت عزت جلشانہ کوشش کی جائے گی‘‘۔

مرحومین کے لئے دعائے مغفرت

جلسہ پر ایک اعلان یہ بھی ہوا کہ حضور کا ارشاد ہے کہ جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر جائے گا اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے گی یعنی پچھلے جلسہ سے اس جلسہ تک۔ چنانچہ اس کی طرف افسر صاحب جلسہ گاہ نے توجہ دلائی۔ ان مرحومین میں حضرت مصلح موعود کے دو تو اپنے صاحبزادے ہی ہیں اور سینکڑوں مخلصین جو ملک ملک میں اپنا وقت پورا کر کے اپنے مالک حقیقی کی طرف لوٹ گئے ان سب کے لئے مجملاً دعائے مغفرت کی گئی۔

IAAAE کی مجلس عاملہ کی ملاقات

جلسہ سالانہ کی برکات میں سے ایک برکت یہ ملی کہ انٹرنیشنل ایسوی ایشن آف احمدی آرکیٹکٹس اینڈ انجینئرز کا جلسہ کے دوسرے روز وقفہ کے دوران اجلاس ہوا اور یورپین ریجنل چیپٹر کے چیئرمین مکرم انجینئر محمد اکرم احمدی صاحب نے بعض کاموں کا ذکر کیا جو ایسوی ایشن اس وقت وہاں کر رہی ہے۔ اس طرح بالخصوص مرکزی نمائندوں کا یورپین نمائندوں کے ساتھ اکٹھے بیٹھنے کا موقع میسر آیا اس پر مستزاد یہ کہ 3 اگست 2004ء بوقت 2 بجے ظہر حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ساتھ یورپین مجلس عاملہ اور مرکزی عاملہ کے موجود نمائندوں کی اکٹھی ملاقات ہوئی اور ایک گروپ فوٹو ہوا۔ حضور نے افریقہ کے دورے کے بعد پانی کی فراہمی اور سولر انرجی کے بارے میں جو ہدایات دی تھیں اس سلسلہ میں کام شروع کرنے کے لئے ممالک کی نشاندہی کی درخواست کی گئی۔ حضور نے بورکینا فاسو، بنین اور گھانا کے متعلق فرمایا کہ وہاں پر تجرباتی کام شروع کر دیا جائے۔ IAAAE مرکزی عاملہ کا ممبر ہونے کی وجہ سے اس عاجز کو بھی اس ملاقات میں حضور انور سے دوبارہ ملنے کا موقع مل گیا۔ جس پر اللہ کا جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔

صحبت صالحین، نمازیں، دعائیں

جلسہ سالانہ کی برکات میں سے ایک تو صحبت صالحین میسر آتی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحبت میں رہ کر حضور کی اقتداء میں نمازیں، اجتماعی دعائیں اور توجہات روحانی کا میسر آنا ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ حضرت مسیح موعود نے خواہش فرمائی تھی کہ حالت انقطاع پیدا کرنے اور دنیا کی محبت ٹھنڈی کرنے اور خدا اور رسول کی محبت بڑھانے کے لئے صحبت میں رہنا ضروری ہے۔ سو الحمدللہ جلسہ کے موقع پر چند دن اس غرض کے لئے صرف ہونے سے سال بھر کا زنگ اتر گیا۔ اللہ والوں کی زیارت سے اللہ تعالیٰ مصائب دور فرما دیتا ہے۔

تحریک جدید کی باتیں

سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کی اہمیت واضح کرتے ہوئے فرمایا:۔

’’یہ باتیں ایسی ہیں کہ اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے سوتے جاگتے اور کھاتے پیتے ہر وقت اور ہر لحہ اپنی بیویوں اپنے بچوں اپنے دوستوں اپنے عزیزوں اور اپنے رشتہ داروں کے کانوں میں ڈالنی چاہئیں اور انہیں ان باتوں پر راسخ اور مضبوط کرنا چاہئے کہ ہماری جماعت خدا تعالیٰ کی قائم کردہ جماعت ہے اور خدا تعالیٰ کی قائم کردہ جماعتیں مشکلات کے بغیر ترقی نہیں کرتیں۔‘‘ (مطالبات صفحہ 8)

(وکیل المال اول تحریک جدید)

مجلس انصار اللہ جرمنی کا 24واں سالانہ اجتماع

خدا تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصار اللہ جرمنی کا 24واں سالانہ اجتماع مورخہ 29 تا 31 مئی 2004ء بروز ہفتہ، اتوار اور سوموار بمقام ہادہوبرگ نہایت کامیابی کے ساتھ انعقاد پذیر ہوا۔

ساڑھے دس بجے افتتاحی اجلاس کا آغاز زیر صدارت محترم صدر صاحب مجلس انصار اللہ جرمنی تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بعدہ صدر مجلس نے اردو میں جبکہ محترم مربی انچارج صاحب نے جرمن میں عہد دوہرایا۔ اس کے بعد نظم پیش کی گئی۔ محترم صدر صاحب مجلس نے اپنے خطاب میں عہد کی اہمیت پر نہایت مؤثر رنگ میں روشنی ڈالی۔ اس کے بعد مکرم ومحترم حیدر علی صاحب ظفر مربی انچارج نے اپنے مختصر خطاب میں اراکین مجلس انصار اللہ جرمنی کی توجہ اس عہد کی طرف مبذول کروائی جو انہوں نے سالانہ اجتماع مجلس انصار اللہ جرمنی 1998ء کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع سے جرمن قوم کو خدائے واحد ویگانہ کی طرف بلانے کا عہد لیا تھا۔ آخر پر محترم مربی انچارج صاحب نے دعا کروائی اور اس طرح اجتماع کا باقاعدہ افتتاح عمل میں آگیا۔ پروگرام کے مطابق 11:40 پر مقابلہ جات حسن قراءت، نظم تقاریر اور فی البدیہہ تقاریر منعقد ہوئے۔ پروگرام ’’تلقین عمل‘‘ میں مکرم منیر احمد صاحب منور مربی سلسلہ جرمنی نے ذکر حبیب کے عنوان سے خطاب فرمایا۔ اس کے بعد مکرم حیدر علی صاحب ظفر مربی انچارج نے نظام وصیت کی اہمیت اور افادیت پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ 6 بجے شام انڈور کھیلوں کا آغاز محترم صدر صاحب مجلس کے مختصر خطاب اور دعا سے ہوا۔ اس کے بعد کلائی پکڑنے کے دلچسپ مقابلے ہوئے۔

30 مئی 2004ء

دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر مکرم مبارک احمد صاحب تنویر مربی سلسلہ کی اقتداء میں ادا کی گئی۔ پروگرام کے مطابق فائنل ورزشی مقابلہ جات کا انعقاد ہوا۔ اسی طرح نماز ظہر وعصر کی ادائیگی کے بعد نومبائعین کے درمیان حسن قراءت، تقریر اور نظم کے دلچسپ مقابلہ جات ہوئے۔ اس دوران پرچہ عام و دینی معلومات ہوا جس کے بعد بیت بازی کا دلچسپ مقابلہ کروایا گیا۔ ساڑھے پانچ بجے درس حدیث محترم عبدالباسط طارق صاحب مربی سلسلہ نے دیا۔ شام چھ بجے تلقین عمل کا پروگرام منعقد ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد تمام قائدین مجلس انصار اللہ جرمنی نے اپنے اپنے شعبہ کے بارہ میں مختصراً روشنی ڈالی۔ بعدازاں محترم ڈاکٹر عبدالغفار صاحب نے توبہ کے موضوع پر ایمان افروز نصائح فرمائیں۔ 7:45 بجے شام تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی۔ جس کی صدارت مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے کی اس میں علمی اور ورزشی مقابلہ جات میں دوم اور سوم پوزیشنز حاصل کرنے والے انصار کو انعامات دیئے گئے۔ اس کے بعد باقاعدہ طور پر اجلاس کا آغاز ہوا اور تلاوت ونظم کے بعد مکرم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب نے خطاب فرمایا۔ آپ نے امراض قلب کی حفاظتی تدابیر بیان فرمائیں اور ہمارے پیارے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے آخری لمحات کا نہایت رقت آمیز رنگ میں ذکر فرمایا۔ اس کے بعد مکرم عبداللہ واگس ہاؤزر صاحب امیر جماعت احمدیہ جرمنی نے خطاب کیا۔ جس میں آپ نے تربیت اولاد اور امسال منعقد ہونے والے جماعتی انتخابات سے متعلق انصار کو ان کی ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ بعد میں محترم صدر صاحب مجلس انصار اللہ جرمنی نے سو بیوت الذکر فنڈ میں پانچ لاکھ یورو کا مجلس انصار اللہ کی طرف سے اعلان کیا۔

31 مئی 2004ء

دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر مکرم مبارک احمد صاحب تنویر مربی سلسلہ کی اقتداء میں ادا کی گئی۔ نماز کے بعد تقویٰ کے موضوع پر درس دیا گیا۔

12 بجے دن سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مقام اجتماع میں تشریف لائے۔ پیارے آقا نے تمام ممبران عاملہ واجتماع بورڈ کو شرف مصافحہ بخشا۔ بعدہ اختتامی اجلاس کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد حضور انور ایدہ اللہ نے اردو میں جبکہ صدر صاحب مجلس انصار اللہ نے جرمن میں عہد دہرایا۔ اس کے بعد نظم پیش کی گئی اور پھر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے علمی و ورزشی مقابلہ جات میں اول آنے والے انصار میں انعامات تقسیم فرمائے۔ اس کے بعد مکرم رائے قمر احمد صاحب سیکرٹری اجتماع نے رپورٹ پیش کی۔

اس کے بعد سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطاب فرمایا۔ حضور کے خطاب کے بعد اجتماع گاہ میں ہی نماز ظہر وعصر حضور انور کی اقتداء میں ادا کی گئیں۔ اجتماع کی کل حاضری 2877 رہی۔ (ماہنامہ اخبار احمدیہ جرمنی اگست 2004ء)

نماز اشراق اور تہجد

حضرت اماں جان فرماتی ہیں کہ حضرت مسیح موعود پنجگانہ نماز کے علاوہ اشراق اور تہجد کے نوافل بھی ادا فرماتے تھے۔ اشراق کبھی کبھی پڑھتے لیکن تہجد آپ ہمیشہ پڑھتے سوائے اس کے کہ آپ بیمار ہوں لیکن ایسی صورت میں بھی آپ تہجد کے وقت لیٹے لیٹے ہی دعا مانگ لیتے۔ (سیرت المہدی جلد 1، ص 3)

پروفیسر طاہر احمد نسیم صاحب

ایلومینیم کی خصوصیات

لوہے اور فولاد کے بعد دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی دھات ایلومینیم ہے۔ یہ چاندی کے رنگ کی بہت ہلکی دھات ہے جس کو کسی بھی شکل میں ڈھالا جاسکتا ہے۔ ٹینکوں میں استعمال ہونے والی موٹی چادروں سے لے کر ٹافیاں اور سگریٹ لپیٹنے کے باریک کاغذوں تک، مختلف سائز کی تاروں سے لے کر مختلف شکلوں کے برتنوں اور پائپوں تک۔ غرضیکہ تقریباً ہر قسم کی صنعت میں مختلف مقاصد کے لئے استعمال ہونے والی نہایت کارآمد دھات ہے۔ غریب ممالک میں اس کو کھانا پکانے کے برتنوں کے طور پر وسیع پیمانے پر استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ یہ بہت سستا ہوتا ہے لیکن جدید تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ گرم ہونے پر اس کی مضبوطی میں کمی آجاتی ہے اور یہ کسی قدر پانی میں حل ہوجاتا ہے اور جسم میں جاکر مضر صحت اثرات پیدا کرتا ہے۔ لہٰذا اس کو کھانا پکانے کے لئے ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ البتہ ٹھنڈک میں اس کی مضبوطی میں اور زیادتی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے ڈیپ فریزر اور فریج وغیرہ میں اس کا استعمال بہت فائدہ مند ہے۔ خاص طور پر ان جگہوں میں جہاں پانی کے ساتھ اس کا تعلق رہتا ہے۔ پانی جہاں لوہے اور دوسری دھاتوں کی عمر گھٹا دیتا ہے وہاں ایلومینیم کے ساتھ پانی مل کر اس کی سطح پر ایک ایسی کیمیائی تبدیلی کی تلی سی تہہ بنا دیتا ہے جو ایلومینیم کو پانی کے مضر اثرات سے محفوظ رکھتی ہے۔ لہٰذا کھلی جگہوں پر استعمال ہونے والے دھلائی کے برتن مثلاً باہر دن رات صحن میں پڑے رہنے والے وہ برتن جنہیں سورج، پانی اور ہوا سے واسطہ پڑتا رہتا ہے۔ مکانوں کی چھتیں اور کھڑکیاں وغیرہ۔ کاروں، بسوں وغیرہ کے مختلف حصے، بجلی کے کھمبوں کی تاریں وغیرہ کی بناوٹ میں ایلومینیم کا استعمال بہت ہی مناسب رہتا ہے اور ساری دنیا میں وسیع پیمانے پر ہو رہا ہے۔

ایلومینیم کی مضبوطی

ایلومینیم خالص دھات کے طور پر نہایت کمزور واقع ہوا ہے اس لئے اس کو ہمیشہ دوسری دھاتوں کے ساتھ آمیزش کر کے Alloy کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے اس میں حیرت انگیز مضبوطی اور بعض دوسری خوبیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ مختلف دھاتوں کی آمیزش سے مختلف خصوصیات پیدا ہوتی ہیں اور بعض صورتوں میں دو تین دھاتوں کو اکٹھا بھی اس کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔ Alloy بنانے کے لئے دھاتوں کو پگھلا کر مائع کی شکل دی جاتی ہے اور پھر ان کو آپس میں ملا دیا جاتا ہے۔ یہ ملائی جانے والی دھاتیں 15 فیصد تک کی مقدار میں ہوتی ہیں۔ اکثر جو دھاتیں اس کے ساتھ ملائی جاتی ہیں ان میں تانبا، میگنیشیم، مینگانیز، سلیکون، ٹن اور زنک شامل ہیں۔ ایلومینیم چونکہ سونے کی طرح کی نہایت نرم دھات ہے اس میں تانبا اور میگنیشیم ملا دینے سے اس میں سختی اور مضبوطی آجاتی ہے۔ سلیکون کی آمیزش سے ایلومینیم جلد نہیں پگھلتا اور سانچوں میں اس کی مختلف چیزیں بنائی جاسکتی ہیں۔ ٹن کی ملاوٹ سے ایلومینیم میں ایسی لچک پیدا ہوجاتی ہے کہ اس کو مختلف شکلوں میں ڈھالا جا سکتا ہے۔ الغرض مختلف دھاتیں ملا کر اس کا Alloy بنا لینے سے اس میں بعض ایسی خصوصیات پیدا ہوجاتی ہیں جو اس کو دوسری ہر دھات سے منفرد اور مفید بنا دیتی ہیں۔ بعض خصوصیات درج ذیل ہیں۔

ایلومینیم کی خصوصیات

1۔ ہلکا پن:

ایلومینیم لوہے اور سٹیل سے وزن میں ایک تہائی ہوتا ہے۔ بایں ہمہ اس کے بعض Alloy سٹیل سے بھی زیادہ مضبوط ہوتے ہیں۔ لہٰذا بہت سی صنعتوں میں سٹیل کا استعمال متروک کر کے ایلومینیم کو اپنا لیا گیا ہے۔ مثلاً گاڑیوں کے بہت سے حصے ایلومینیم سے بنتے ہیں جس کی وجہ سے ان کا وزن کم ہو کر پٹرول کم خرچ ہوتا ہے۔ اس طرح جہازوں کے ذریعہ دور دراز علاقوں میں بھیجے جانے والے نازک سامان کو دوسری دھاتوں کی بجائے ایلومینیم کے ڈبوں میں پیک کیا جاتا ہے تاکہ وزن میں کمی ہو۔

2۔ مضبوطی:

مضبوطی میں ایلومینیم کے Alloy سٹیل کا مقابلہ کرتے ہیں لیکن اس سے 1/3 وزن ہونے کی وجہ سے گاڑیوں اور جہازوں کی پوری باڈی اس سے بنائی جارہی ہے۔ سڑکوں کے کنارے پر مضبوط جنگلے اور اسی طرح کے دوسرے کاموں میں جہاں مضبوط دھات کی ضرورت ہے اسے استعمال کیا جاتا ہے۔ اگرچہ شدید حرارت میں اس کی مضبوطی میں کمی واقع ہوتی ہے لیکن شدید ٹھنڈک میں اس کی مضبوطی بہت بڑھ جاتی ہے اس کی یہ خوبی اس کو باقی تمام دھاتوں سے منفرد بنا دیتی ہے لہٰذا مائع گیس جس کا درجہ حرارت منفی 162 سنٹی گریڈ ہوتا ہے کی تیاری، ترسیل اور سٹور کرنے میں ایلومینیم ہی خاص طور سے استعمال ہوتا ہے۔

3۔ موسم کے زیر اثر خراب ہونے کا عمل:

